سلام محمدی ﷺ

چہل میم غیر منقوط ۱۸

مرتب

محمد عزیز سلطان ناچیزؔ

۷۸۶ ۹۲

سلام محمدی صلی اللہ علیہ وسلم

چہل میم غیر منقوط ۱۸



۷۸۶/۹۲

نقش تحفۂ روحانی وحل المشکلات

مَعَ اسْمِ اللہِ الْمَلِکِ السَّلٰمِ

ص م ح م د لی اللہ علیہ وسلم

ص ح م د م لی اللہ علیہ وسلم

ص م د م ح لی اللہ علیہ وسلم

ص د م ح م لی اللہ علیہ وسلم

اس نقش کو دیکھنے والے کی
ہر مشکل حل ہوگی انشاءاللہ

مرتب

بموقع شعبان ۱۴۳۸ھ

بفیض روحانی سیدنا محی الدین وسیدنا معین الدین

وحضرات مخدومین سادات چودہوں پیراں رضی اللہ عنہم

محمد عزیز سلطان ناچیز

سلام محمدی ﷺ چہل میم غیر منقوط (١٨)

مَعَ اسۡمِ اللهِ الۡمَلِكِ السَّلٰمِ ○ اَلۡحَمۡدُ لِلّٰهِ

مَوۡلَائِیۡ هُوَ اللهُ اِلٰهٌ عَلِیٌّ دَائِمٌ مُّعۡطٍ ○ لَااِلٰهَ

اِلَّا اللهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوۡلُ اللهِ ○ اَللهُ لَااِلٰهَ اِلَّا هُوَ

الۡهَادِی الۡوَالِی لَااِلٰهَ اِلَّا اللهُ ○ صَلِّ وَسَلِّمۡ

دَائِمًا عَلٰی مَوۡلَائِیۡ وَمَوۡلَی الۡمَكِّیِّ وَالۡحَرَمِیِّ وَكُلِّ

الۡعَالَمِ وَمَا ادَّعٰی لِعَلِیٍّ هُوَ الۡمَوۡلٰی وَاِسۡمُهٗ حٰمٓ

وَحَامِدٌ وَّمَحۡمُوۡدٌ وَّاَحۡمَدُ وَطٰسٓمٓ وَمُحَمَّدٌ

رَّسُوْلُ اللّٰہِ○ وَصَارَ وَالِدُہٗ اَوْسَعَ الْوَالِدِ وَ

اُمُّہٗ اَوْسَعَ الْاُمِّ وَاٰلُہٗ اَوْسَعَ الْاٰلِ وَعَلٰی وَالِدِہٖ

وَاُمِّہٖ وَاٰلِہٖ وَالْمَوْلٰی عَلِيٍّ وَّوَلَدَیْ عَلِيٍّ

وَّاُمِّھِمَا○ وَمُحْيِ الْاِسْلَامِ وَاٰلِہٖ وَوَالِی

الْاِسْلَامِ وَاٰلِہٖ وَاَحْمَدَ وَلِيِّ اللّٰہِ وَحَوَارِيِّ وَلِيِّ

اللّٰہِ وَاٰلِہٖ وَکُلِّ اُمَمِ رَسُوْلِ اللّٰہِ کُلَّ الْحَالِ○

مراد: اللہ کے اسم کے سہارے کہ وہی مالک وسلامی والا ہے۔
ساری حمد اللہ کے لئے ہے، ہمارا مولیٰ وہ اللہ ہے کہ الٰہ ہے اعلیٰ ہے
دوام والا ہے کمالِ عطا والا ہے واحد اللہ ہی الٰہ ہے محمد صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کا

رسول ہے اللہ ہے، واحد وہی الہ ہے وہ ہادی ہے مددگار ہے واحد
اللہ ہی الہ ہے دائمی درودوسلام ہمارے مولیٰ کے لئے وارد
ہو مکہ والے اور حرم والے اور سارے عالم کے مولیٰ کے لئے ہو اور
اس امر کے داعی کے لئے ہو کہ علی مولیٰ ہے اور اس مولیٰ کا اسم حم
ہے حامد ومحمود اور احمد ہے اور طسم ہے اور محمد ﷺ اللہ کا رسول
ہے اور اس رسول کے والد کمال سمائی والے ہوئے سارے والد
سے اور ماں ساری ماؤں سے اور آل واولاد ساری آل واولاد سے
اور (درودوسلام) اس رسول کے والد کے لئے ہو اور ماں کے لئے
ہو اور آل کے لئے ہو، مولیٰ علی کے لئے ہو، مولیٰ علی کے لاڈلوں
کے لئے ہو اور مولیٰ علی کے لاڈلوں کی والدہ کے لئے ہو، اسلام
کے محی کے لئے ہو اور آل کے لئے ہو، اسلام کے مددگار کے لئے
ہو اور آل کے لئے ہو اور احمد ولی اللہ کے لئے ہو اور ولی اللہ کے ہم

دموں کے لئے ہواور آل کے لئے ہو، اللہ کے رسول کی ساری امم کے لئے ہو ہردم۔

توضیحی ترجمہ: اللہ کے اسم کے ساتھ جو مالک ہے سلامتی دینے والا ہے تمام تعریف اللہ کے لئے ہے میرا مولیٰ وہ اللہ ہے جو معبود ہے بلندی والا ہے ہمیشگی والا ہے، اور خوب عطا کرنے والا ہے اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں محمد صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کے رسول ہیں اللہ ہے، اس کے سوا کوئی معبود نہیں وہی ہدایت دینے والا ہے وہی مددگار ہے اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں تو خوب خوب دائمی درود وسلام نازل فرما میرے مولیٰ پر مکہ والوں اور حرم والوں کے مولیٰ پر اور سارے عالم کے مولیٰ پر اور اس ذات پر کہ جس نے علی کو مولیٰ کہا آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا اسم پاک حم ہے حامد و محمود واحمد ہے طسم اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کے رسول ہیں کہ جن کے والد (سیدنا عبداللہ رضی اللہ عنہ) تمام والد میں سب سے زیادہ

کشادگی والے ہیں اور جن کی ماں (بی بی آمنہ رضی اللہ عنہا) تمام ماؤں میں سب سے زیادہ کشادگی والی ہیں اور جن کی آل واولاد تمام آل واولاد میں سب سے زیادہ کشادگی والے ہیں اور (درود وسلام نازل ہو) آپ ﷺ کے والد پر اور آپ ﷺ کی والدہ پر اور آل پر، حضرت مولیٰ علی رضی اللہ عنہ پر اور مولیٰ علی کے دونوں لاڈلوں امام حسن وامام حسین علیہما السلام پر اور حسنین کریمین کی والدہ خاتون جنت سیدہ بی بی فاطمہ زہرا رضی اللہ عنہا پر اور دین کے زندہ کرنے والے محی الدین سیدنا شیخ عبدالقادر جیلانی رضی اللہ عنہ پر آپ کی آل پر اور دین کے مددگار خواجہ معین الدین حسن سنجری پر آپ کی آل پر اور حضرت مخدوم سید احمد ولی اللہ پر، آپ کے اصحاب روحانی پر اور آل پر اور اللہ کے رسول کے سارے امتیوں پر ہر دم۔

فضیلت سلام محمدی ﷺ چہل میم غیر منقوط (۱۸)

یہ ”سلام محمدی ﷺ چہل میم“ جو کہ چالیس میم کے ساتھ بغیر نقطے والے حروف پر مشتمل ہے اِس کا ترجمہ بھی غیر منقوط ہے جس کو سمجھنے کے لئے توضیحی ترجمہ شامل ہے جو شخص اس درود کو روزانہ ۵/۱۱/۱۰۰/بار پڑھنے کا اپنا معمول بنائے گا اسے اللہ ورسول کی خوشنودی حاصل ہوگی اور اسے صحت وسلامتی حاصل ہوگی اور وہ تمام مہینوں وبالخصوص ماہ شعبان کے انوار و برکات سے نوازا جائے گا اور حضرت مولیٰ علی رضی اللہ عنہ کے باب علم وحکمت کی معرفت سے نوازا جائے گا اور وہ مستجاب الدعوات ہوگا نیز اسے اہل بیت کی شفقت ومحبت حاصل ہوگی اور ان کا دیدار نصیب ہوگا ایمان پر خاتمہ ہوگا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

آستانہ حضرات مخدومین سادات چودہوں پیراں (علیہم الرحمۃ والرضوان) الہ آباد

www.syed14peer.com